4823CH11

# ایک خط



حوض خاص، نئی دہلی

17/نومبر 2008

پیاری نادرہ

تسلیم!

کہو کیا حال ہے؟ بہت دنوں سے تم نے کوئی خط نہیں لکھا۔ فون پر بھی تم سے بات نہیں ہوئی۔ شاید تمھارا فون نمبر بدل گیا ہے، اس لیے آج تمھیں خط لکھنے بیٹھ گئی۔ اب موبائل فون اور انٹرنیٹ کا چلن عام ہے مگر خط لکھنے اور خط پڑھنے کا مزہ ہی کچھ اور ہے۔ دور بیٹھے بیٹھے بھی لوگ ایک دوسرے سے مل لیتے ہیں۔ پوری نہ سہی آدھی ملاقات تو ہو ہی جاتی ہے۔

آج کل دہلی کا موسم بہت خوش گوار ہے۔ ہم لوگ اکثر شام کو موسم کا لطف اٹھانے کے لیے کبھی نہرو پارک، کبھی انڈیا گیٹ اور کبھی ہمایوں کے مقبرے کی سیر کو چلے جاتے ہیں۔ کل ہم لوگ پرگتی میدان گئے تھے۔ اِن دنوں وہاں نمائش لگی ہوئی ہے۔ خوب مزہ آیا۔ ہم نے دو تین گھنٹے وہاں گزارے۔ طرح طرح کی چیزیں دیکھیں۔ ہندوستان کے





© NCERT not to be republished



ہر صوبے والوں نے اپنے الگ الگ اسٹال لگا رکھے تھے۔ ہمیں تو سب سے اچھا راجستھان کا اسٹال لگا۔ وہاں کپڑے بہت اچھے، سستے اور رنگ برنگے تھے۔ کرناٹک کے اسٹال سے ہم نے چندن کی لکڑی کا ہار خریدا۔ ایک دو چیزیں بھائی جان کو امریکہ بھیجنے کے لیے بھی خریدیں۔ امّاں نے ایک ساڑی خریدی اور میں نے ایک کُرتا۔ تمھارے لیے ایک شال خریدی ہے، کشمیر کے اسٹال سے۔ تم آؤ گی تب وہ ملے گی، سمجھیں!

ریلوے کا اسٹال آصف کو بہت پسند آیا۔ وہاں پہنچ کر تو وہ کھو سا گیا۔ نمائش میں سب سے زیادہ اسٹال کپڑوں کے تھے۔ اس کے بعد کھلونوں کی دُکانیں تھیں۔ ہر دُکان پر بچّوں کی بھیڑ تھی۔ پاس ہی ایک میدان میں جھولے لگے تھے۔ ہاتھی، اونٹ اور گھوڑے بھی تھے۔



پرگتی میدان سے نکل کر ہم سائنس میوزیم بھی گئے۔ ایک جگہ بہت بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ پتا چلا کہ وہاں ہر طرف آئینے لگے ہیں اور لوگ اپنی صورتیں دیکھ دیکھ کر ہنس رہے ہیں۔ ہم بھی اندر چلے گئے۔ کسی آئینے میں ہماری ناک سونڈ جیسی لمبی، کہیں چہرہ ایک دم چپٹا، کہیں گردن بانس کی طرح، کہیں ہم اتنے موٹے دکھائی دیے کہ کیا بتائیں۔ اپنی حالت پر بہت ہنسی آتی تھی۔ خیر لمبا قصّہ ہے۔ ملوگی تو سناؤں گی۔



گھر آتے ہی یہ خط لکھنے بیٹھ گئی۔ اب یہ بتاؤ تم دلّی کب آرہی ہو؟ چچی جان کو آداب۔ چچا جان کیسے ہیں؟ اُنھیں ہمارا آداب کہنا۔ خط جلدی لکھنا۔

تمھاری اپنی

عارفہ



© NCERT not to be republished

# مشق

## I پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| خوش گوار | : | سُہانا |
| سہولت | : | آسانی |
| لُطف | : | مزہ، خوشی |
| اکثر | : | زیادہ تر |
| مقبرہ | : | قبر پر بنی ہوئی عمارت |
| نمائش | : | میلہ، ایگزبیشن |
| صوبہ | : | ریاست |



## II سوچیے اور بتایئے:

1۔ یہ خط کس نے کس کو لکھا ہے؟

2۔ خط کو آدھی ملاقات کیوں کہا جاتا ہے؟

3۔ نمائش میں عارفہ نے کیا کیا خریدا؟

4۔ عارفہ کو کون سا اسٹال سب سے اچھا لگا؟

5۔ آئینے دیکھ کر لوگ کیوں ہنس رہے تھے؟

## III دیئے ہوئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہیں بھریے:

آئینے          پرگتی میدان          خوش گوار          نمائش          امریکہ

1۔ آج کل دہلی کا موسم بہت .................... ہے۔

© NCERT not to be republished

2۔ کل ہم لوگ.................. گئے تھے۔

3۔ ایک دو چیزیں بھائی جان کو.................... بھیجنے کے لیے بھی خریدیں۔

4۔ پتا چلا کہ وہاں ہر طرف...................... لگے ہیں۔

5۔ ................ میں سب سے زیادہ اسٹال کپڑوں کے تھے۔

## IV ان جملوں کو غور سے پڑھیے:

1۔ کل ہم پرگتی میدان گئے

2۔ طرح طرح کی چیزیں دیکھیں

3۔ تمھارے لیے ایک شال خریدی

ان جملوں میں 'گئے'، 'دیکھیں'، 'خریدی' ایسے لفظ ہیں جن سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ ایسے لفظوں کو ''فعل'' کہتے ہیں۔

- اس سبق سے تین جملے تلاش کر کے لکھیے اور ان کے 'فعل' بتائیے:

## V نیچے دیے گئے حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیے:

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ی | ل | ہ | د | | | | | ........................ |
| ن | ن | د | چ | | | | | ........................ |
| ے | ن | ا | د | م | | | | ........................ |
| ڑ | ی | ا | س | | | | | ........................ |
| ن | ا | ہ | د | س | و | ن | ت | ........................ |

## VI عملی کام:

- اپنے دوست/سہیلی کے نام خط لکھیے۔



© NCERT not to be republished